ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ
Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου

# اپنے سفری دستاویز کی تجدید کیسے کریں

سفری دستاویزات کی تجدید میں 5 اقدامات شامل ہیں:

**1.** پناہ کے ادارے میں ای میل کے ذریعے درخواست دیں

**2.** پناہ کے ادارے کو بذریعہ ڈاک یا برقی ڈاک / ای میل حلفیہ بیان بھیجیں۔

**3.** آپ کو اپنی ذاتی ای میل میں سیاسی پناہ کے ادارےسے 4 اور 5 اقدامات کے لیےجواب اور ہدایات موصول ہوں گی۔

**4.** پولیس کے پاسپورٹ دفتر (یا غیر ملکیوں کے دفتر) میں معاونی دستاویزات جمع کروائیں

**5.** پناہ کے ضلعی ادارے (یا آزاد یونٹ) سے اپنے تجدید شدہ سفری دستاویز وصول کریں

توجہ: اگر آپ اپنے خاندان میں واحد والدین ہیں یا اگر دوسرے شریک حیات یونان سے باہر ہیں یا آپ بنا ہمرا نابالغ ہیں تو آپ کو اپنی رہائشی جگہ کی بنیاد پرکسی [ضلعی دفتر یا آزاد یونٹ] میں سفری دستاویزات کی تجدید کے لئے درخواست دینی ہوگی آپ کو مزید ہدایات ضلعی دفتر یا آزاد یونٹ سےموصول ہوں گی

1

## ای میل کے ذریعے درخواست دیں۔

- ✓ اپنی سفری دستاویز کی تجدید کے لیے آپ کو لازمی طور پر درج ذیل ای میل ایڈریس پر سیاسی پناہ کے ادارے درخواست بھیجنا ہوگی GAS.traveldoc@migration.gov.gr

- ✓ آپ یہاں درخواست حاصل کرسکتے ہیں۔ یونانی اور انگریزی میں دستیاب ہے۔

- ✓ اپنے خاندان کے ہر ایک فرد کے لیے آپ کو علیحدہ درخواست پر مشتمل ایک علیحدہ ای میل بھیجنا ہوگا

- ✓ ای میل میں آپ اپنی درخواست کے ساتھ اپنی حالیہ ڈیجیٹل پاسپورٹ سائز تصویر بھی منسلک کر کےبھیجیں گے

- ✓ ای میل میں "مضمون" لازمی طور پر "Travel Doc Renewals" ہونا چاہئے اور اس مضمون میں آپ کو اپنے رہائشی اجازت نامے کا نمبر درج کرنا ہوگا جو آپ کے پاس ہے اورجسکا درست ہونا ضروری ہے(مثلاً "Travel Doc Renewals P123456789").

- ✓ رہائش گاہ اور رابطے کی تفصیلات میں تبدیلی کی صورت میں آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے حقداروں کے لیےآزاد سیاسی پناہ کے یونٹ کو آگاہ کرنا ہوگا

2

## حلفیہ بیان بذریعہ ڈاک یا برقی ڈاک / ای میل بھیجیں

**اس کے ساتھ ہی آپ کو بذریعہ ڈاک حلفیہ بیان اس ڈاک کے پتہ پر بھیجنا ہو گی:۔**

Υπηρεσία Ασύλου - Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου
ΑΚΑ Δικαιούχων, Π.Κανελλοπούλου 2, ΤΚ 10177.

اگر آپ کے پاس ٹیکسیزنیٹ کے کوڈ ہیں تو آپ ڈیجٹل حلفیہ بیان / تحریر گوو۔ جی آر کی ویبگاہ سے چھاپ سکتے ہیں۔

https://www.gov.gr/ipiresies/polites-kai-kathemerinoteta/psephiaka-eggrapha-gov-gr/ekdose-upeuthunes-deloses

اور حلفیہ بیان مع درخواست اس ای میل / برقی ڈاک پر ارسال کریں
gas.traveldoc@migration.gov.gr

✓ خاص طور پر یہ حلفیہ تحریریں ہیں:

- حلفیہ تحریر A یا (جز 'A)جہاں آپ بیان کریں گے کہ آپ کو کبھی بھی کسی بڑے جرم یا کسی اور سنگین جرم کا مجرم قرار نہیں دیا گیا ہے اور اگر آپ کا بچہ پندرہ (15) سال سے زیادہ عمر کا ہے تو آپ کو اپنے بچے کے لئے بھی یہی حلفیہ تحریراس کے دونوں والدین کے دستخط کے ساتھ دینا ہوگی آپ کو یہاں پر ان زبانوں میں حلفیہ تحریر Aملے گی: امہری ، عربی ، انگریزی ، فارسی ، فرانسیسی ، پشتو ، تگرینیا اور اردو۔

- حلفیہ تحریر 'B(یا جز 'B) آپ صرف تب بھیجیں گےاگر آپ اپنے نابالغ بچوں کے سفری دستاویزات کی تجدید کرنا چاہتے ہیں اس معاملے میں آپ کو ایک حلفیہ تحریر دونوں والدین کے دستخط کے ساتھ دینا ہوگی کہ آپ ان کے سفری دستاویزات کی تجدید کے لیےرضا مند ہیں اور آپ کو یہاں پران زبانوں میں حلفیہ تحریر Bملے گی: امہری ، عربی ، انگریزی ، فارسی ، فرانسیسی ، پس پشتو ، تگرینیا اور اردو۔

- حلفیہ تحریروں پر دستخط موجود ہوں اور یہ شہریوں کے خدمت مرکز ( کیپ) یا کسی پولیس تھانے سے تصدیق شدہ ہوں یا برقی طریقہ سے ٹیکسیزنیٹ کے کوڈ کے ذریعہ سے گوو۔ جی آر کی ویبگاہ سے۔

!

آن لائن درخواست اور مذکورہ بالا دو تحریروں کے بارے میں **دیگر اہم تفصیلات موجود ہیں** جسکی آپ کو**تفصیلی ہدایات** پڑھنی چاہئیں اور یہ ہدایات ان زبانوں میں موجود ہیں: امہری ، عربی ، انگریزی ، فارسی ، فرانسیسی ، پس پشتو ، تگرینیا اور اردو۔

## 3 آپ کو پناہ کے ادارے سے جواب اور ہدایات موصول ہوتی ہیں

- ✓ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے جوآن لائن درخواست جمع کروائی ہے اس میں اپنا ذاتی ای میل کاپتہ صحیح لکھیں
- ✓ کچھ عرصے کے بعد ای میل کے ذریعہ آپ کو پناہ کے ادارے کی طرف سے جواب بھیج دیا جائے گا اورجواب اس زبان میں ہوگا جسے آپ سمجھتے ہیں۔
- ✓ یہ جواب آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ کے سفری دستاویز کی تجدید ہوئی ہے یا نہیں (اگر مثبت یا منفی تجدید کا فیصلہ کیا گیا ہے) اور اس میں ہدایات بھی شامل ہوں گی۔

- ✓ اگر فیصلہ آپ کے سفری دستاویز کی تجدید کے لئے مثبت ہوا توآپ کو جو ای میل موصول ہوگی اس میں آپ کے لیے پولیس کے پاسپورٹ دفتر (یا غیر ملکیوں کے دفتر) میں اضافی معاونی دستاویزات جمع کروانے کے لیے معلومات ہوں گی

- ✓ جواب میں خاص طور پر یہ بھی ہوگا کہ آپ کو کس مخصوص پاسپورٹ دفتر (یا غیر ملکیوں کے دفتر) میں جانا ہوگا اور آپ کو اپنے ساتھ کیا لے کر جانا ہے

- ✓ اگر پناہ کے ادارے نے آپ کے سفری دستاویزات کی تجدید نہ کرنے کا فیصلہ کیا تو آپ کو ای میل میں آگاہ کیا جائے گا کہ آپ کو کون سے ضلعی دفتر یا آزاد یونٹ سے فیصلہ (تجدید نہ ہونے کا) وصول کرنا ہے ۔

ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ
Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου

4

## آپ کو معاونی دستاویزات پاسپورٹ دفتر (یا غیر ملکیوں کے دفتر)میں جمع کروانے ہوں گے

✓ آپ کو مندرجہ ذیل معاونی دستاویزات کے ساتھ پاسپورٹ دفتر(یا غیر ملکیوں کے دفتر) میں جانا ہوگا:

- پرنٹ شدہ ای میل جو آپ کو بطور جواب پناہ کے ادارے سے موصول ہوا تھا
- ای میل میں منسلک فائل جو ہدایات کے ساتھ آپ کو بھیجی گئی تھی
- آپ کا حالیہ سفری دستاویز
- آپ کا رہائشی اجازت نامہ(ΑΔΕΤ) جو کارآمد ہونا چاہئے۔
- دو (2) یونانی پاسپورٹ سائز کی حالیہ تصاویر
- سفری دستاویز کے اجراء کے لئے فیس

!

جب آپ معاونی دستاویزات جمع کرتے ہیں تو آپ کو پاسپورٹ دفتر(یا غیر ملکیوں کے دفتر) سے ایک رسید دی جاتی ہے آپ کو یہ رسید گمانی نہیں ہے کیونکہ آپ کو اپنے سفری دستاویزات کی وصولی کے وقت ضرورت ہوگی۔

5

## اپنا تجدید شدہ سفری دستاویز پناہ کے ضلعی دفتر یا آزاد یونٹ سے وصول کریں۔

- ✓ آپ کو اپنی رہائشی جگہ کے مطابق پناہ کےضلعی دفتر یا آزاد یونٹ سے اپناتجدید شدہ سفری دستاویزات موصول کرنا ہوگا
- ✓ پناہ کے ادارے کی طرف سے ای میل کے ذریعے جواب میں خاص طور پر یہ بھی ہوگا کہ آپ کو کس مخصوص ضلعی دفتر (یا آزاد یونٹ)میں اپنے تجدید شدہ سفری دستاویز کی وصولی کے لیے جانا ہوگا
- ✓ پناہ کےضلعی دفاتر اور آزاد یونٹ کے رابطے کی تفصیلات اور پتے حاصل کریں
- ✓ اپنا تجدید شدہ سفری دستاویز وصول کرنے کے لیے آپ کو پناہ کے ادارے کی ویب سائٹ تجدید شدہ سفری دستاویز پر ہونے والے اعلانات کو دیکھنا ہوگا
- ✓ ہردفعہ سفری دستاویزات کی تجدید ہونے پر اعلانات کیے جاتے ہیں اور یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کاسفری دستاویز تجدید کردیا گیا ہےآپ کو تجدید شدہ سفری دستاویزات کےحالیہ اعلانات کو اپنے حالیہ سفری دستاویز کے نمبر سے تلاش کرنا ہوگا
- ✓ جس اعلان میں آپ کا حالیہ سفری دستاویز کا نمبر ہوگا ا اسی میں دن اور وقت کی نشاندہی کی جائے گی کہ کب آپ کو تجدید شدہ سفری دستاویز وصول کرنے کے لیے آنا ہے
- ✓ اپنا تجدید شدہ سفری دستاویزوصول کرنے کے لئے آپ کو اعلان میں درج شدہ مخصوص دن اور وقت پر پہنچنا ہوگا۔
- ✓ آپ کو خود آنا ہوگا آپ کسی اور کو وصولی کے لیے نہیں بھیج سکتے ہیں۔

✓ وصولی کے لیے ضلعی دفترمیں ماسک پہننا لازمی ہے ۔

**جب آپ ضلعی دفتر میں اپنا تجدید شدہ سفری دستاویز لینے جاتے ہیں تو مندرجہ ذیل معاونی دستاویزات کا ساتھ ہونا ضروری ہے:**

- آپ کا حالیہ سفری دستاویز
- آپ کا رہائشی اجازت نامہ(AΔET) جوکار آمد ہے
- پاسپورٹ دفتر / غیر ملکیوں کے دفتر سے لی گئی رسید(Barcode)